# 09-06-2024 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔بی جے پی کے سینئر لیڈر نریندر مودی آج شام مسلسل تیسری معیاد کے لئے ہندوستان کے وزیر اعظم کی حیثیت سے حلف لیں گے۔ مودی کے ساتھ بی جے پی اور دوسری این ڈی اے جماعتوں کے 52 نئے وزیر بھی حلف لیں گے۔

۲۔تلنگانہ سے موجودہ مرکزی وزیر جی کشن ریڈی کو برقرار رکھنے کا امکان ہے، جبکہ کریم نگر کے رکن پارلیمنٹ بنڈی سنجے کو مملکتی وزیر خارجہ کی حیثیت سے شامل کیا جاسکتا ہے۔

۳۔تلنگانہ کے وزیر مال پی سرینواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ پچھلی حکومت کے دور میں نا اہل لوگوں کو دئے جانے والے وظیفے ختم کردئے جائیں گے۔

۴۔تلنگانہ میں اگلے تین دن جنوب مغربی مانسون کے اثر میں ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔

☆☆☆

بی جے پی کے سینئر لیڈر نریندر مودی آج شام مسلسل تیسری معیاد کے لئے ہندوستان کے وزیر اعظم کی حیثیت سے حلف لیں گے۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو راشٹرپتی بھون میں نئی مرکزی مجلس وزرا کو بھی عہدے اور راز داری کا حلف دلائیں گے۔امکان ہے کہ وزیر اعظم مودی کے علاوہ جملہ 52 وزیروں کو حلف دلایا جائے گا۔حلف برداری کی تقریب شام سات بجکر پندرہ منٹ پر ہوگی۔پڑوسی ملکوں اور بحرہ ہند کے علاقہ کے کئی قائدین نریندر مودی کی حلف برداری تقریب میں شرکت کررہے ہیں۔سری لنکا کے صدر رانیل وکرما سنگھے، مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معز، سشیلس کے نائب صدر احمد عفیف، بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ، مریشس کے وزیر اعظم پروِند کمار جگناتھ، نیپال کے وزیر اعظم پشپا کمار تہل پرچندا اور بھوٹان کے وزیر اعظم شیرنگ ٹوبگے حلف برداری تقریب میں شرکت کریں گے۔نامزد وزیر اعظم نریندر مودی نے حلف برداری تقریب سے پہلے دہلی میں اپنی رہائش گاہ پر ہائی ٹی کا اہتمام کیا۔بی جے پی قائدین امیت شاہ، جے پی نڈا، ڈاکٹر ایس جئے شنکر، نرملا سیتارامن، نتن گڈکری، دھرمیندر پردھان، پیوش گوئل، جوترآدتیا سندھیا، کرن رججو ہائی ٹی میں شرکت کرنے والوں میں شامل ہیں۔اس سے پہلے صبح وزیر اعظم نے راج گھاٹ پر مہاتما گاندھی اور سدئیو اٹل پر سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی کو خراج عقیدت پیش کیا۔مودی نے قومی جنگی یادگار پر گلہائے عقیدت بھی پیش کیا۔نریندر مودی کی حلف برداری سے پہلے قومی دارالحکومت میں سیکوریٹی بڑھادی گئی۔مقامی پولیس کے علاوہ نیم فوجی دستوں، این ایس جی کمانڈوز، ڈرونس اور ماہر نشانہ بازوں کو اہم مقامات پر تعینات کردیا گیا۔دہلی کو نو فلائی زون قرار دیا گیا۔راشٹرپتی بھون کے اندر اور باہر تین سطحی سیکوریٹی انتظامات کئے گئے۔

☆☆☆

امکان ہے کہ بی جے پی کو سب سے اہم محکمہ جیسے دفاع، فینانس، داخلہ، کامرس، خارجی امور اور لوک سبھا اسپیکر کے عہدے ملیں گے۔تلنگانہ سے امکان ہے کہ موجودہ مرکزی وزیر جی کشن ریڈی کو برقرار رکھا جائے گا۔کریم نگر کے رکن پارلیمنٹ بنڈی سنجے کو مملکتی وزیر کی حیثیت سے شامل کئے جانے کا امکان ہے۔دوسرے تین امیدواروں کو فی الحال شامل نہیں کیا جائے جن میں رویندر دھرما پوری، ایٹلا راجندر اور ڈی کے ارونا ہیں۔ان تین ارکان پارلیمنٹ میں سے ایک کو بی جے پی کا ریاستی صدر بنایا جاسکتا ہے جس پر اگلے چند مہینوں میں تقرر کا امکان ہے۔فی الحال کشن ریڈی عارضی انتظام کے تحت یہ عہدہ رکھتے ہیں۔پڑوسی ریاست آندھرا پردیش سے امکان ہے کہ تلگو دیشم پارٹی کے مرکزی کابینہ کا ایک عہدہ ملے گا جو سریکا کولم کے رکن پارلیمنٹ کے رام موہن نائیڈو ہوسکتے ہیں۔پی چندر شیکھر جو گنٹور کے رکن پارلیمنٹ ہے مملکتی وزیر ہوں گے۔توقع ہے کہ آندھرا پردیش میں بی جے پی کے کوٹہ سے ایک اور مملکتی وزیر بھوپتی راجو سرینواس ورما کو شامل کیا جائے گا۔ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بی جے پی کی اعلیٰ قیادت کا خیال ہے کہ پارٹی کے پرانے قائدین کو ایک ایسے وقت نظر انداز نہیں کرنا چاہئے جب پارٹی توسیع کے موڑ میں ہے۔

☆☆☆

آ کاش وانی دہلی آج شام 6 بجکر 45 منٹ سے راشٹر پتی بھون میں وزیراعظم اور دوسرے مرکزی وزیروں کی حلف برداری تقریب کا راست آنکھوں دیکھا حال پیش کرے گا۔ آ کاش وانی حیدرآباد سے تلگو میں راست تبصرہ بھی سنا جاسکے گا۔ اس راست نشریات کی وجہ سے شام بجکر 5 منٹ پر ہونے والے قومی تلگو خبریں رات ساڑھے آٹھ بجے یا راست نشریات جاری رہنے کی صورت میں راست ساڑھے 9 بجے نشر کی جائیں گی۔

☆☆☆

جی ایچ ایم سی اور دوسرے بلدی محکموں نے شہر میں خاص طور پر ڈھلان والے علاقوں میں پانی جمع ہونے سے روکنے کے لئے مستقل قدم اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے لئے 157 موبائل ٹیمیں 242 اسٹاٹیک ٹیمیں سی آر ایم پی روڈس پر 29 ٹیمیں، ڈی آر ایف پر 30 ٹیمیں، محکمہ پولیس کی 13 ٹیمیں، محکمہ برقی کی 41 ٹیمیں اور ایچ ایم ڈبلیو ایس ایس بی کی 22 ٹیمیں رات دن خدمات انجام دیں گیں۔ جی ایچ ایم سی مرکزی کردار ادا کرے گا اور دوسرے محکمہ شہر میں پانی جمع ہونے کے مقامات کی نشاندہی کریں گے اور انہیں حل کرنے میں مدد دیں گے۔ جی ایچ ایم سی نے عوام سے کہا ہے کہ وہ نالوں میں کچرہ نہ پھینکیں۔ آئی ٹی کمپنیوں سے درخواست کی گئی ہے کہ احتیاطی قدم اٹھائیں اور ٹریفک جام کے لئے اوقات میں تبدیلی کریں۔ اس کے علاوہ عہدیداروں سے کہا گیا ہے کہ وہ مین ہولوں کے ڈھکن نہ کھولیں۔

☆☆☆

تلنگانہ گروپ 1 ابتدائی امتحان آج پرسکون طور پر ہوا۔ امتحان دن کے دس بجے شروع ہوا اور دوپہر ایک بجے ختم ہوا۔ بعض مقامات پر امتحانی مراکز پر دیر سے پہنچنے والے امیدواروں کو واپس بھیج دیا گیا۔ جس سے انہیں مایوسی ہوئی۔ سرکاری محکموں میں 563 گروپ ون عہدوں پر تقررات کے لئے یہ امتحان رکھا گیا۔ ریاست بھر سے چار لاکھ سے زیادہ طلبہ نے امتحان لکھا۔

☆☆☆

راموجی گروپس آف کمپنیز کے صدرنشین راموجی راو کی آج سرکاری اعزازات کے ساتھ آخری رسومات ادا کی گئی جن کا کل انتقال ہوا تھا۔ تلنگانہ حکومت کی طرف سے پولیس نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ ان کے بڑے بیٹے کرن نے آخری رسومات ادا کی۔ اس سے پہلے راموجی راو کے مکان سے اسمرتی ونم تک جو فلم سٹی میں ہے تقریباً چار کلو میٹر پر مشتمل ارتھی جلوس نکالا گیا۔ کئی سیاستدانوں، مشہور شخصیتوں، راموجی گروپس آف کمپنیز کے ملازمین نے آخری رسومات میں شرکت کی اور انہیں نم آنکھوں کے ساتھ وداع کیا۔

☆☆☆

جنگاؤں ضلع کلکٹر رضوان باشاہ شیخ نے کہا ہے کہ پرجاوانی پروگرام جسے انتخابی ضابطہ اخلاق کی وجہ سے روک دیا گیا تھا کل پیر سے بحال ہوجائے گا۔ کلکٹر نے عوام سے کہا کہ وہ اپنے مسائل حل کرنے کے لئے درخواستیں داخل کرنے کے لئے پرجاوانی پروگرام کا استعمال کریں۔

☆☆☆

جے این ٹی یو کے تحت پی جی ای سیٹ امتحانات کل سے 13 تاریخ کو حیدرآباد اور ورنگل میں ہوں گے۔ اس امتحان کے لئے جملہ 22 ہزار 712 طلبہ نے درخواستیں داخل کی ہیں۔ یہ امتحانات دو سیشنس میں 19 مضامین کے لئے آن لائن ہوں گے۔

☆☆☆

مملکت سعودی عرب کے شاہی کمیشن شہر مکہ اور مقدس مقامات نے اس سال حج کے موسم کے دوران عازمین کو الکٹرک اسکوٹرس کے استعمال کی اجازت دی ہے۔ مسلسل تیسرے سال یہ سہولت پہنچائی گئی ہے۔ اس قدم کا مقصد حج کے مناسک کے دوران سفر کے لئے محفوظ اور ہلکی گاڑیوں کا تجربہ فراہم کرنا ہے۔ اس کا ایک مقصد میدانِ عرفات سے مصدلفہ تک سفر کا وقت ساٹھ منٹ سے گھٹا کر پندرہ منٹ کرنا ہے۔

☆☆☆

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون پورے تلنگانہ میں پھیل گیا ہے اور امکان ہے کہ اگلے تین دن ریاست میں ہلکی سے اوسط بارش ہوگی۔بعض ضلعوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے کئی ضلعوں کے لئے ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ کے وزیر مال پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ پچھلی حکومت کے تحت نا اہل لوگوں کو دیئے جانے والے وظیفے ختم کر دیئے جائیں گے۔ کھمم ضلع کے ترومالیہ پالم میں ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے محکمہ مال کے عہدیداروں سے کہا کہ زمینوں کے مسائل فوری حل کرنے کے لئے ولیج میٹنگ کا اہتمام کریں گے۔انہوں نے یقین دلایا کہ ان کے علم میں لائے جانے والے کوئی بھی حل طلب اراضی کے مسئلہ کو فوری حل کیا جائے گا۔

☆☆☆

جسٹس پی سی گھوش کمیٹی کل سے چھ دن تک عہدیداروں کے ساتھ اجلاس منعقد کرے گی جو میڈی گڈہ انارم اور سندیلا بیریجس کی تعمیر کے سلسلہ میں عدالتی تحقیقات کے عمل کا حصہ ہے۔جسٹس گھوش نے کل سندیلا بیریج کا معائنہ کیا تھا اور وہاں مرمت کے کاموں کا معائنہ کیا۔اس دوران مرکزی سوائل اینڈ میٹرئیل ریسرچ سنٹرس میڈی بیریج کے ساتویں بلاک میں اپنے تجربے جاری رکھے۔